PAPER CODE - 5201

نہم کلاس 12018

اسلامیات اختیاری ، گروپ پہلا

**حصہ معروضی**

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

ہدایات: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ پرستش کے لیے خانہ کعبہ کے اندر بتوں کی تعداد تھی (A) 260 (B) 160 (C) 360 (D) 390

2۔ حضرت محمد ﷺ تمہارے مَردوں میں سے کسی کے نہیں ہیں (A) بھائی (B) بیٹے (C) دادا (D) باپ

3۔ حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں کے مقابلے میں ہیں (A) سخت (B) جنگجو (C) دولتمند (D) رحم دل

4۔ حضور اکرم ﷺ پیدا ہوئے۔ (A) حضرت عیسیٰؑ کی نسل سے (B) حضرت موسیٰؑ کی نسل سے (C) حضرت اسماعیلؑ کی نسل سے (D) حضرت اسحاقؑ کی نسل سے

5۔ تورات نازل ہوئی۔ (A) حضرت عیسیٰؑ پر (B) حضرت موسیٰؑ پر (C) حضرت داؤدؑ پر (D) ابوحنیفہؒ پر

6۔ جن احکام کا تعلق ذاتِ خداوندی سے ہو ان کو کہا جاتا ہے۔ (A) انبیاء (B) حقوق النّاس (C) عبادات (D) احادیث

7۔ بوڑھے مسلمان کا احترام کرنا خدا کے جلیل ہونے کا ہے (A) عزم (B) اعتراف (C) انکار (D) دعویٰ

8۔ تمام رسولوں اور نبیوں کے سردار ہیں (A) حضرت آدمؑ (B) حضرت ابراہیمؑ (C) حضرت عیسیٰؑ (D) حضرت محمد ﷺ

9۔ اسلام کی قوت میں اضافہ ہوا جب اسلام قبول کیا۔ (A) حضرت عمرؓ نے (B) حضرت خدیجہؓ نے (C) حضرت علیؓ نے (D) حضرت حمزہؓ نے

10۔ حضرت ابراہیمؑ نے عراق سے ہجرت کی۔ (A) ایران (B) مکہ (C) فلسطین (D) یونان

11۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنے بستر پر سونے کی ہدایت فرمائی۔ (A) حضرت علیؓ کو (B) حضرت عثمانؓ کو (C) حضرت فاطمہؓ کو (D) حضرت حسینؓ کو

12۔ حضرت نوحؑ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اے اللہ دنیا سے نام و نشان مٹادے۔ (A) حواریوں کا (B) کافروں کا (C) منافقین کا (D) کنعان کا

13۔ نمرود اور اس کی قوم نے حضرت ابراہیمؑ کو پھینکوادینے کا عزم کرلیا۔ (A) دریا میں (B) سمندر میں (C) جلتی آگ میں (D) جیل میں

14۔ حضرت موسیٰؑ کے والد کا نام تھا۔ (A) یعقوب (B) ہارون (C) عمران (D) یوسف

15۔ جمع کی اقسام ہیں۔ (A) چار (B) دو (C) پانچ (D) تین

نہم کلاس 12018

اسلامیات اختیاری ، گروپ پہلا

وقت=2 گھنٹے 10 منٹ
کل نمبر=60

## حصہ انشائیہ

حصہ اول

| نمبر شمار | سوالات | نمبر شمار | سوالات |
|---|---|---|---|
| سوال نمبر 2 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| ۱ | آداب تلاوت قرآن پاک میں جہر و اخفاء سے کیا مراد ہے؟ | ۲ | مضامین قرآن میں "معاملات" کے اندر شامل چار قسم کے احکام لکھیے۔ |
| ۳ | قرآن پاک کی مقدار تلاوت پر نوٹ لکھیے۔ | ۴ | حضرت ابراہیمؑ کی قربانی سے متعلق خواب کو بیان کیجیے۔ |
| ۵ | حضرت عیسیٰ پر کون سا مقدمہ چلا اور کیا سزا سنائی گئی؟ | ۶ | حضرت نوحؑ نے قوم سے مایوسی کے بعد اللہ تعالیٰ سے کیا دعا کی؟ |
| ۷ | نبی اور مصلح (ریفارمر) میں کیا فرق ہے؟ | ۸ | معنی لکھیے : اِتَّقُوا النَّارَ |
| سوال نمبر 3 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| ۱ | نزول قرآن کے وقت اہل عرب کے بتوں کے بارے میں کیا تصورات تھے؟ | ۲ | معنی لکھیے: اَلْبَنِيْتِ ، تُبْ |
| ۳ | حدیث کے مطابق بلحاظ ایمان زیادہ کامل کون ہے؟ | ۴ | ہجرت کی رات کون نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھا ؟ اور کون آپ ﷺ کے بستر پر سویا ؟ |
| ۵ | کن دو اشخاص کے ایمان لانے سے اسلام کی قوت میں اضافہ ہوا؟ | ۶ | مسجد قباء کا تعارف پیش کیجیے۔ |
| ۷ | دوسری ہجرت حبشہ میں مردوں اور عورتوں کی تعداد کتنی تھی؟ | ۸ | اسم نکرہ کو کس طرح اسم معارفہ بنایا جاتا ہے؟ عربی میں ایک مثال لکھیے |
| سوال نمبر 4 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| ۱ | حضور اکرم ﷺ کے ساتھیوں کی مثال کن آسمانی کتب میں بیان کی گئی؟ | ۲ | سورۃ الاحزاب میں حضرت محمد ﷺ کو شاھد کہا گیا آپ ﷺ کے شاھد ہونے کی کوئی دو صورتیں تحریر کیجیے |
| ۳ | معاشرے میں بزرگوں کی عزت نہ کرنے کا نقصان کیا ہوگا؟ | ۴ | ختم نبوت کے بارے میں قرآنی آیت کا ترجمہ تحریر کیجیے |
| ۵ | حضور اکرم ﷺ کے والد ماجد اور والدہ ماجدہ کا نام کیا تھا؟ | ۶ | ایام حج میں قریش مکہ نے باہر سے آنے والے لوگوں کے لیے کیا قاعدہ بنایا تھا؟ |
| ۷ | فتح مکہ کے موقع پر حضور اکرم ﷺ نے ابوسفیان سے کیسا سلوک کیا؟ | ۸ | جمع کی تعریف کیجیے اور عربی میں ایک مثال دیجیے۔ |

حصہ دوم

5۔ درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ و تشریح کیجیے ۵+۵

(الف) وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ ۖ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۖ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

(ب) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○

(ج) يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتَابِ الَّذِيْ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۖ

6۔ درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ و تشریح کیجیے ۵

(الف) اِتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ .

(ب) اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ .

7۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کے جوابات تحریر کیجیے ۵+۵

(الف) حضرت نوحؑ کی قوم کے اُن سے رویے پر نوٹ لکھیے۔

(ب) حضور اکرم ﷺ کی دعوت حق اور ان کی مخالفت کے طریقے بیان کیجیے۔

(ج) تکمیل شریعت اور اسلامی حکومت کا قیام

8۔ مونث کی تعریف کیجیے اور عربی میں ایک مثال دیجیے ۵

یا

جمع مکسر کی تعریف کیجیے اور عربی میں تین مثالیں دیجیے

17



DGK-9-1-18

PAPER CODE - 5202

نہم کلاس 12018

اسلامیات اختیاری ' گروپ دوسرا

## حصہ معروضی

وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

ہدایات: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1- دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ہے
(A) انجیل (B) زبور (C) قرآن (D) تورات

2- عقیدہ توحید انسان کے فکر و عمل میں پیدا کر دیتا ہے۔
(A) ترقی (B) سیلاب (C) انقلاب (D) تنگ نظری

3- وہ اللہ ہی ہے جس نے اپنے رسول کو سچا دین اور ہدایت دیکر بھیجا تا کہ اُسے غالب کردے۔
(A) کفار پر (B) تم پر (C) سب ادیان پر (D) دین ابراہیمؑ پر

4- مُبَشِّرًا کا معنی ہے۔
(A) ڈرانے والا (B) تبلیغ کرنے والا (C) عبادت کرنے والا (D) بشارت دینے والا

5- سِیْمَا کا معنی ہے
(A) تنا (B) علامت (C) زخم (D) سیدھا

6- صَوْم کے لغوی معنی ہیں۔
(A) کھانا (B) رک جانا (C) پینا (D) جزا

7- آگ سے بچو اگرچہ کچھ دیکر ہی سہی۔
(A) کھجور کا ٹکڑا (B) روٹی کا ٹکڑا (C) کپڑے کا ٹکڑا (D) تسلی

8- تمام انبیاء اور رُسل کے سردار ہیں۔
(A) حضرت آدمؑ (B) حضرت محمد ﷺ (C) حضرت موسیٰؑ (D) حضرت ابراہیمؑ

9- تبلیغ کا معنی ہے
(A) پہنچانا (B) پڑھنا (C) سوچنا (D) لکھنا

10- طوفان میں ہلاک ہونے والے حضرت نوحؑ کے بیٹے کا نام تھا۔
(A) قابیل (B) ہابیل (C) یافث (D) کنعان

11- حضرت ابراہیمؑ باشندے تھے
(A) کوفہ (B) بصرہ (C) اُور (D) بغداد

12- خفیہ دعوت اسلام رہی۔
(A) ایک سال (B) تین سال (C) پانچ سال (D) چھ سال

13- حضور اکرم ﷺ کے لیے غم کا سال تھا
(A) 3 نبوی (B) 5 نبوی (C) 12 نبوی (D) 10 نبوی

14- ہجرت کی رات آپ ﷺ کے بستر پر سوئے تھے۔
(A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت عمرؓ (C) حضرت عثمانؓ (D) حضرت علیؓ

15- کلمہ کی اقسام ہیں۔
(A) دو (B) تین (C) پانچ (D) چار

نہم کلاس 12018

اسلامیات اختیاری
گروپ دوسرا

وقت=2 گھنٹے 10 منٹ
کل نمبر=60

## حصہ انشائیہ

### حصہ اول

| نمبر شمار | سوالات | نمبر شمار | سوالات |
|---|---|---|---|
| سوال نمبر 2 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| ۱ | قرآن مجید کے مضامین میں "قصص" سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے | ۲ | ترجمہ کیجیے: وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ |
| ۳ | معنی تحریر کیجیے: نَزَّلْنَا الذِّكْرَ . لَحٰفِظُوْنَ | ۴ | ترجمہ کیجیے: "يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ" |
| ۵ | حضرت ابراہیمؑ نے آذر کی سختی کا جواب کن الفاظ میں دیا؟ | ۶ | حضرت عیسیٰؑ پر ایمان لانے والوں کو قرآن نے کون سے دو نام دیے؟ |
| ۷ | حضرت محمد ﷺ کی ذات اقدس ہی ایک جامع اور کامل ہستی ہے۔ مختصراً تحریر کیجیے۔ | ۸ | ترجمہ کیجیے: يٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِيْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ۔ |
| سوال نمبر 3 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| ۱ | اہل عرب کی کس گمراہی کو قرآن مجید نے "ضلال مبین" کا نام دیا؟ | ۲ | تزکیہ نفوس پر نوٹ لکھیے۔ |
| ۳ | ترجمہ کیجیے: اَلْمَاهِرُ بِالْقُرْاٰنِ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ | ۴ | اسلام سے پہلے عربوں کی چار برائیاں تحریر کیجیے۔ |
| ۵ | اسلام کی دعوت عام کے موقع پر حضرت علیؓ نے حضور اکرم ﷺ سے کیا کہا تھا؟ | ۶ | رسول اکرم ﷺ کو رحمۃ اللعالمین کیوں کہا جاتا ہے؟ |
| ۷ | میثاق مدینہ کے دو نکات تحریر کیجیے۔ | ۸ | موئنث لفظی کی تعریف کیجیے۔ اور دو مثالیں دیجیے۔ |
| سوال نمبر 4 | درج ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے 2x5=10 | | |
| ۱ | وہ کون سی دو صفات ہیں جن سے قومیں عروج حاصل کرتی ہیں؟ | ۲ | چار آسمانی کتابوں کے نام تحریر کیجیے۔ |
| ۳ | "صلہ رحمی" سے کیا مراد ہے؟ | ۴ | حرب فجار پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔ |
| ۵ | حضور اکرم ﷺ کی ولادت کے متعلق دو سطور لکھیے؟ | ۶ | حضور اکرم ﷺ مراسم شرک سے اجتناب کیسے فرماتے تھے؟ |
| ۷ | اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ" ترجمہ کیجیے | ۸ | جمع مونث سالم کی تعریف کیجیے۔ |

### حصہ دوم

5۔ درج ذیل قرآنی آیات میں سے کسی دو کا ترجمہ و تشریح کیجیے 5+5

(الف) هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝

(ب) رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۝

(ج) يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ۙ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ ۔

6۔ درج ذیل احادیث میں سے کسی ایک کا ترجمہ و تشریح کیجیے 5

(الف) اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ الصَّلٰوةُ ۔

(ب) خَيْرُ النَّاسِ مَنْ اَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ ۔

7۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کے جوابات تحریر کیجیے 5+5

(الف) رسالت کا مفہوم اور اس کی خصوصیات

(ب) مدینہ میں اسلامی ریاست کا قیام

(ج) نبی پاک ﷺ کی بچوں پر شفقت

8۔ کلمہ اور اسکی اقسام بمعہ دو امثال تحریر کیجیے یا جمع سالم اور اسکی اقسام دو مثالوں سے لکھیے 5

17

9 GK. 9 2-18